غیرمتوقع بارشوں کے باعث ایبٹ آباد اور راولپنڈی میں کھیلے گئےمیچزبے نتیجہ ختم

- ایبٹ آباد میں کھیلے گئے میچ کے 4 روز میں صرف 86 اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکا
- راولپنڈی میں بارش سے متاثرہ میچ کے آخری روز ایک گیندبھی نہ کرائی جاسکی

لاہور، یکم اکتوبر 2019ء:

ایبٹ آباد کرکٹ اسٹیڈیم میں جاری خیبرپختونخوا اور سدرن پنجاب کے درمیان میچ بے نتیجہ ختم ہوگیا۔ غیرمتوقع بارشوں کے باعث میچ کے تیسرے روز ایک گیندبھی نہ کرائی جاسکی۔ 86 اوورز پر مشتمل میچ میں ایک اننگز بھی مکمل نہیں ہوسکی۔

میچ کے اختتام پر خیبرپختونخوا نے 86 اوورز میں 295 رنز بنائے اور اس کے 4 کھلاڑی آؤٹ ہوئے تھے۔

اس سے قبل میچ کے پہلے روزبھی بارش کے باعث صرف 32.5 اوورز، دوسرے روز15.1 اوورز اورتیسرے روزصرف 38 اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکاتھا۔

دوسری جانب کے آر ایل اسٹیڈیم راولپنڈی میں ناردرن اور سندھ کے درمیان کھیلا گیا 4 روزہ میچ بھی بے نتیجہ ختم ہوگیا ہے۔ شہر میں ہونے والی غیرمتوقع بارشوں کے باعث فرسٹ کلاس میچ کے چوتھے روز ایک بھی گیند نہیں کروائی جاسکی۔

میچ کے اختتام پر ناردرن کرکٹ ٹیم کے 271 رنز کے جواب میں سندھ نے پہلی اننگز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 257 رنز بنائے تھے۔

اس سے قبل میچ کے پہلے روز 40،دوسرے روز 61.4 اور تیسرے روز 82.5اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکاتھا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk